MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

وَأَنكِحُوا الْأَيَامَىٰ مِنكُمْ وَالصَّالِحِينَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَإِمَائِكُمْ
إِن يَكُونُوا فُقَرَاءَ يُغْنِهِمُ اللَّهُ مِن فَضْلِهِ وَاللَّهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ

اور اپنے غیر شادی شدہ آزاد افراد اور اپنے غلاموں اور کنیزوں میں سے باصلاحیت افراد کے نکاح کا اہتمام کرو کہ اگر وہ فقیر بھی ہوں گے تو خدا اپنے فضل و کرم سے انہیں مال دار بنادے گا کہ خدا بڑی وسعت والا اور علیم ہے۔۔ (سورۂ نور آیت 32)



## حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

کوئی مباح عمل، شادی کرنے سے زیادہ اللہ کے پاس محبوب نہیں۔

جب کوئی شخص اپنی جوانی کے آغاز میں شادی کرتا ہے تو شیطان کی فریاد بلند ہوتی ہے، ہائے افسوس، ہائے افسوس کہ اِس نے اپنے دوتہائی دین کو میرے شَر سے محفوظ کرلیا۔

شادی آنکھوں اور شرم گاہ کی عصمت وعفّت کی بہتر طریقے سے حفاظت کرتی ہے اور پاکدامنی اختیار کرنے کا یہ سب سے عمدہ اور مؤثر ذریعہ ہے۔

ازدواج در اسلام آیت اللہ مشکینی

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)



حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

**اے جوانو ! اگر شادی کرنے کی قدرت رکھتے ہو تو شادی کرو کیونکہ شادی آنکھ کو نامحرموں سے زیادہ محفوظ رکھتی ہے اور پاکدامنی و پرہیزگاری عطا کرتی ہے۔۔**

مستدرک الوسائل
ج2 ص531 حدیث21

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

جو شخص ناداری اور بیچارگی کے خوف سے شادی نہ کرے
وہ خدا کے بارے میں بُرا گمان کرتا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:
(جو لوگ شادی کریں) اگر وہ فقیر اور تنگ دست ہوں تو اللہ تعالیٰ
انہیں اپنے فضل سے غنی کر دے گا۔۔ (وسائل الشیعہ جلد ۳)

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

روزی حاصل کرنے کیلئے شادی کرو
کیونکہ برکت عورتوں میں رکھی گئی ہے۔۔

(من لا یحضرہ الفقیہ ص ۴۱۰)

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

## شادی کے لئے ہمارے معیارات

امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا

اِس سے زیادہ سخت مصیبت اور کوئی نہیں ہے کہ
کوئی جوان مسلمان اپنے کسی مسلمان بھائی کی لڑکی سے
شادی کی خواہش ظاہر کرے اور لڑکی کا باپ جواب دے کہ
مجھے معاف کیجئے
آپ مالی اعتبار سے میرے
ہم پلّہ نہیں ہیں۔۔

(ازدواج دراسلام آیت اللہ علی مشکینی)

امام جعفرِ صادق علیہ السلام نے فرمایا

شادی میں کفو یہ ہے کہ
مرد پاکدامن اور بیوی کا
خرچ پورا کرنے پر قادر ہو۔۔

(ازدواج دراسلام)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

## شادی کیلئے رشتوں کا معیار

ایک شخص حضرت امام حسن علیہ السلام کے پاس اپنی بیٹی کی
شادی کے بارے میں مشورہ کرنے کی غرض سے آیا،

امام حسن علیہ السلام نے فرمایا:

اُس کی شادی کسی متّقی پرہیزگار شخص سے کرو کیونکہ
اگر وہ اُس سے محبت کرے گا
تو اُس کی عزت واحترم کرے گا
اور اگر دشمنی کرے گا تو اُس پر ظلم نہیں کرے گا۔



(کتاب: مکارم الاخلاق، حسن بن فضل طبرسی، صفحہ 204)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

# شادی

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

جو شخص ایک عورت کا انتخاب
فقط اسکی خوبصورتی کیلئے کرتا ہے،
وہ جو کچھ چاہتا ہے اُس میں نہیں پاتا۔

جو شخص ایک عورت سے فقط اسکی دولت کی خاطر
شادی کرتا ہے خدا اُسے اسکے حال پر چھوڑ دیتا ہے۔

**لہٰذا تم پر لازم ہے کہ ایک باایمان اور دیندار ہمسر کا انتخاب کرو۔۔**

(وسائل الشیعہ ۔ جلد ۳)

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

حدیثِ معصوم علیہ السلام ہے کہ

جو شخص کسی عورت یا لڑکی سے
صرف اُس کے حُسن و جمال کی خاطر
شادی کرتا ہے تو
یہ خوبصورتی شوہر کیلیۓ رنج و تکلیف
کا باعث ہوگی۔۔(وسائل الشیعہ جلد ۱۴)



www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

(کتاب: نہج الفصاحہ)

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

**عورت کے ساتھ نکاح تین چیزوں کی خاطر کیا جاتا ہے**

**۱ اسکے دین کی خاطر ۲ اسکے حسن کی خاطر**

**۳ اسکے مال کی خاطر**

**تم دیندار عورت کو اختیار کرو**





MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

**بہترین شادی وہ جو سادگی اور آسانی سے انجام پائے** (کتاب: نہج الفصاحہ)

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی





**حضرت امام علی رضاؑ نے فرمایا**

نوجوان لڑکیاں درخت پر پکے ہوئے
پھل کی مانند ہیں اور جب پھل پک
جائے تو فوراً اتار لینا چاہیے ورنہ
دھوپ اور ہوا اُس کو خراب کردیں گی
اور وہ کھانے کے لائق نہیں رہے گا۔
اِسی طرح نوجوان لڑکیاں جب بالغ
ہوجائیں تو اُن کی فوراً شادی کردینی
چاہیے ورنہ وہ کسی نہ کسی فتنہ میں
مبتلا ہوجائیں گی۔۔(عیون اخبار الرضاؑ۔جلد۱)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

## اللہ تعالیٰ کے نزدیک
# پسندیدہ ترین گھر

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

کوئی چیز خدا کے ہاں اُس گھر سے زیادہ محبوب نہیں
جسے شادی کیلئے تیار کیا جاتا ہے اور
وہ شادی کے بعد آباد ہو جاتا ہے۔۔

(فروعِ کافی جلد۵ ص۳۲۸)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# انوکھی نصیحت　شبِ گناہانِ کبیرہ

## فسق وفجور سے بھرپور شادی کی تقریب میں شرکت کے شیطانی فائدے

...... تمام بے پردہ خواتین جو شہزادیٔ کونینؑ کے دل کو دُکھانا چاہیں وہ خوب میک اپ اور بھڑ کیلے لباس کے ساتھ نامحرموں کے درمیان بن سنور کر آسکتی ہیں۔

وہ تمام مرد جو اسراف وتبذیر کے شیطانی میڈل حاصل کرنا چاہیں اس تقریب میں دل کھول کر فضول خرچی کرسکتے ہیں۔

...... گانے وموسیقی کے دلدادہ اس تقریب میں بیک گراؤنڈ موسیقی سن کر نفاق کی کھیتی دل میں اُگا سکتے ہیں۔

نمود ونمائش کے دلدادہ ریاکاری کے لعنتی طوق گلے میں لٹکانے کے لئے اپنی دولت وجاہ کو خوب ظاہر کرسکتے ہیں۔

نکاح میں دُعاؤں کی قبولیت کے دروازوں کو بند کروانے اور آئمہ معصومینؑ کی ممکنہ آمد کو روکنے کے لئے ایسی تقریب میں Mixed Gathering کروانا بہت ضروری ہے۔

تقریب کی نحوست کو بڑھانے کے لئے غریب رشتہ داروں کی شرکت ممنوع قرار دی جاسکتی ہے۔

فضول وقت کو ضائع کرنے اور کروانے کا اِس سے زیادہ نادر موقع مشکل ہی سے دستیاب ہوسکتا ہے۔

اگلے دن کی نمازِ فجر کو قضاء کروانے کے لئے Late Night تقاریب کو فروغ دینا بہت ضروری ہے۔

شادیوں میں فضول خرچی اور غیر ضروری اخراجات کے لئے سودی قرضے لے کر اللہ سے جنگ کرنے کا یہ انتہائی نادر موقع ہے۔

ایسی تقاریب کا انعقاد کر کے شادیوں کو مشکل بنا کر لڑکیوں کو گھر بٹھا کر بوڑھا کرنے کی پالیسی میں آپ بھی حصہ دار بن سکتے ہیں۔

اِس تقریب کا انعقاد یوں بھی ضروری ہے کہ اس کے منحوس اثرات دُلہا دُلہن کی آئندہ زندگی پر اور اولاد پر بھی اثرانداز ہوں اور گھر جہنم کا نمونہ اِسی دنیا میں نظر آئے۔

آنے والا ہر لمحہ موت سے قریب کررہا ہے ایسا نہ ہو کہ ان گناہوں کی حسرت لے کر ہی دنیا سے چلے جائیں لہٰذا شیطان کی خوشنودی کے لئے فوری اقدام کیجئے اور اِس تقریب میں گناہوں کا کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہ دیجئے۔

منجانب — ادارۂ ترویجِ منکرات

# شادی

## کسی مومن کی شادی کرانے کیلئے کوشش کرنے کا ثواب

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

جو دو افراد کے درمیان شادی کے ابتدائی مقدمات فراہم کرے تو اللہ تعالیٰ اُس کی شادی حورالعین سے کرے گا اور اُس راستے میں چلنے والے ہر قدم اور گفتگو کے ایک ایک لفظ کے بدلے اللہ اُسے ایک سال کی عبادت کا ثواب عطا کرے گا۔

(بحارالانوار جلد 103 ص 261)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

جو شخص اپنے گھر والوں کی بے عزّتی کرتا ہے
وہ زندگی کی مسرّتوں کو ہاتھ سے کھو دیتا ہے۔۔

(المواعظ العددیہ)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

## اولاد کی بہترین تربیت کیلئے ماں کا انتخاب



شریعت نے انسان کی زندگی کی اصلاح کا اُس وقت سے انتظام کیا ہے
جس وقت کہ ابھی اُس نے دنیا میں قدم نہیں رکھا ہے بلکہ اِس کا آئندہ
موجود ہونا بھی کوئی یقینی امر نہیں، صرف ایک توقع بعید کی حیثیت رکھتا ہے
یہ وہ وقت ہے جب کہ اِس کا باپ شادی کا ارادہ کرتا ہے
اُسی وقت اِس طرح کی ہدایات ہیں کہ ہر عورت سے آنکھیں بند کرکے شادی
نہ کرلے بلکہ قوّتِ انتخاب سے کام لے۔ ایسی عورت سے اور ایسے خاندانوں
میں شادی کرے جو عادات وافعال کے لحاظ سے جوہرِ شرافت وانسانیت
کے حامل ہوں۔ یہ اِس لئے ہے کہ اِس عورت سے پیدا ہونے والی اولاد
بُرے اوصاف وخصائل کی طرف رجحان نہ رکھتی ہو اور بُرے اثرات کی حامل نہ ہو۔

(اقتباس: نظامِ زندگی۔ علامہ سیّد علی نقی [نقن صاحب])

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

نیک اور بلند مرتبہ لوگ اپنی بیویوں
کی عزّت کرتے ہیں اور
پست ذہنیت اور نیچ لوگ اُن کی
توہین کرتے ہیں۔۔ (المواعظ العددیہ)

www.facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی




+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

امام جعفرِ صادق علیہ السلام نے فرمایا

عورت کی برکت اس کے اخراجات کم ہونا
اور اسکا اچھی اولاد پیدا کرنا ہے اور
اسکی نحوست اسکے اخراجات زیادہ ہونا
اور اسکا بُری اولاد پیدا کرنا ہے۔۔

(وسائل الشیعہ۔ جلد ۳)

السلام علیک یا جعفر بن محمد الصادق

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

## قرآن کی مخالفت، قرآن کے سائے میں بھی نہ کی جائے




(اے رسولؐ) ایماندار عورتوں سے بھی کہہ دیجئے
کہ وہ اپنی نظریں نیچی رکھیں ۔۔۔۔۔
اور اپنے بناؤ سنگار کو کسی پر ظاہر نہ ہونے دیں ۔۔۔

(سورہ نور آیت 31)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی



## عورتیں اللہ تعالیٰ کی امانت ہیں

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

...... یہ بات جان لو کہ

یہ عورتیں اپنے شوہروں کے ہاتھوں خدا کی امانت ہیں

اِس لئے مرد حق نہیں رکھتا کہ انہیں کوئی ضرر یا نقصان پہنچائے

اور اُن کے حقوق کو پامال کرے۔۔

(مستدرک الوسائل، ج2، ص551)

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی



امیرالمومنین امام علی علیہ السلام نے اپنے ایک خطبے میں فرمایا:

(محرم) عورتوں کے ساتھ ہر حال میں
ہم آہنگی اور صلح و صفائی کا رویہ اختیار کرو
اُن کے ساتھ اچھی اور نرم بات کرو تاکہ
وہ بھی تمہارے ساتھ اچھا رویہ اختیار کریں۔۔

(ازدواج در اسلام ۔۔ آیت اللہ علی مشکینیؒ)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

## بیوی کی بداخلاقی برداشت کرنے کا ثواب

امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا

جو بھی اپنی بداخلاق بیوی کی اذیت اور آزار کو برداشت کرے اور صبر کا مظاہرہ کرے تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اُسے جہنم کی آگ سے نجات دلائے گا اور بہشت واجب کردے گا اور اُس کے نامۂ اعمال میں دو لاکھ حسنات لکھ دیگا اور دو لاکھ برائیاں مٹادے گا۔ دو لاکھ درجے بلند کرے گا اور اُس کے بدن پر موجود ہر بال کے برابر ایک سال کی عبادت کا ثواب لکھ دے گا۔۔



(بحوالہ کتاب مکارم الاخلاق)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

شہزادی فاطمہ زہرا علیہا السلام نے امیر المومنین علیہ السلام سے فرمایا:

میرے بابا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے کہا:

کبھی علی علیہ السلام سے کسی چیز کا مطالبہ نہ کرنا،

ہاں اگر خود لے آئیں تو کوئی بات نہیں۔۔

(بحار الانوار، ج43، ص31)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

علی فاطمہ

پیوند آسمانی

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کو حکم دیا کہ

وَأَنذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ

اور پیغمبر ﷺ آپ اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈرائیے۔۔

(سورة الشعراء. 214)

ایک شخص نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے دریافت کیا کہ اِس آیت میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ خود کو اور اپنے اہل و عیال کو اُس آگ سے بچاؤ جس کا ایندھن لوگ اور پتھر ہوں گے۔

تو پھر ہم اپنی عورتوں کو جہنم کی آگ سے کیسے بچائیں۔؟ آپ علیہ السلام نے فرمایا:

انہیں نیکی کا حکم دو اور بُرائی سے روکو۔ اُس شخص نے کہا: ہم انہیں امر و نہی کرتے ہیں لیکن وہ قبول نہیں کرتیں۔ آپ علیہ السلام نے فرمایا:

اگر تم نے امر و نہی کی ہے تو اپنی ذمہ داری پوری کرلی۔۔

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی




+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

**المرأة الصّالحة احد الكاسبين**

## نیک اور شائستہ بیوی بھی کمانے والوں میں سے ایک ہے۔۔

(یعنی وہ بیجا خرچے نہ بڑھا کر شوہر کے اخراجات نہ بڑھنے میں مدد کرتی ہے)

(بحار الانوار ج103 ص238 ح39)



MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

## محترم خواتین۔! کیا آپ جنابِ سیّدہ علیہا السلام کے ساتھ محشور ہونا چاہتی ہیں۔؟

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

اللہ تعالیٰ تین قسم کی عورتوں پر سے عذاب اٹھا لے گا اور اِن خواتین کو جنابِ فاطمہ زہرا علیہا السلام کے ساتھ محشور کرے گا:

۱۔ اپنے شوہر کی بداعمالیوں پر صبر کرنے والی

۲۔ اپنے شوہر کی بداخلاقیوں پر صبر کرنے والی

۳۔ وہ عورت جو اپنے شوہر پر مہربان ہو۔۔

(حلیة المتقین ص 120)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

جب ایک عورت اپنے شوہر سے
کہے کہ میں نے تم میں کوئی بھلائی
نہیں دیکھی تو اُس کے تمام
نیک اعمال بیکار ہو جاتے ہیں۔۔

(نہج الفصاحہ۔ابو القاسم پایندہ)

www.facebook.

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا

جو شخص اپنی بیوی کی بداخلاقی پر صبر کرے تو
اللہ تعالیٰ اُسے صبرِ ایوبؑ اور بردباری کا ثواب دیتا ہے
اور اگر عورت اپنے شوہر کی بداخلاقی پر صبر کرے تو
اللہ تعالیٰ اُسے آسیہ (زوجۂ فرعون) کی مانند درجہ عطا کرتا ہے۔۔

(کتاب: مکارم اخلاق صفحہ ۲۲۵)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

جب کوئی مرد اپنی عورت کو پانی پلاتا ہے

تو اُسے اِس کا اَجر ملتا ہے۔۔



حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

مرد کو اُس لقمہ کا بھی اَجر ملتا ہے

جو وہ اپنی عورت کے منہ میں ڈالتا ہے۔۔

(میزان الحکمة

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی




## نمازِ شب کے پابند
## شوہر و بیوی

## دنیا و آخرت کے ساتھی

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

اُس مرد پر خدا کی رحمت ہے جو نمازِ شب کے لئے بیدار ہوتا ہے اور اپنی زوجہ کو بیدار کرتا ہے تاکہ وہ بھی نمازِ شب پڑھ سکے اور اگر وہ بیدار نہ ہو تو اسکے چہرہ پر پانی کے چھینٹے مار کر بیدار کرے۔

خدا اُس عورت پر رحم کرتا ہے جو نمازِ شب کے لئے خود بیدار ہو اور شوہر کو بیدار کرے اور اگر وہ بیدار نہ ہو تو اسکے چہرہ پر پانی کے چھینٹے مار کر بیدار کرے تاکہ وہ بھی نمازِ شب پڑھ سکے۔

(میزان الحکمة،ج5/446.1)

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی



## امیرالمومنین امام علیؑ نے فرمایا

آخری زمانے میں قیامت کے قریب جو کہ بدترین زمانہ ہے

ایسی عورتیں ظاہر ہوں گی جو اپنے آپ کو طرح طرح کی آرائش میں مصروف رکھیں گی

عریانیت میں مبتلا ہوں گی

دین سے بالکل بے بہرہ ہوں گی

فتنوں میں داخل ہونے والی ہوں گی

خواہشات کی طرف مائل ہوں گی

لذّتوں کی طرف راغب ہوں گی

حرام چیزوں کو حلال کرنے والی ہوں گی

جبکہ وہ جہنم میں ہمیشہ رہنے والی ہوں گی

(من لایحضرہ الفقیہ جلد۳)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی





+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی


facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
شادی شدہ
جوڑے کی تصویر
شادی شدہ جوڑے کی ایسی تصویر جس میں بیوی نے
میک اَپ کیا ہو اور دلہن کا لباس پہنا ہوا ہو اور
حجاب مکمل نہ ہو، اُسے گھر میں ایسی جگہ نہیں لگا سکتے
جہاں نامحرموں کی نگاہ اُس تصویر پر پڑتی ہو۔۔
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

# شادی



کس کی زندگی سب سے بہتر
اور کسی کی زندگی سب سے بدتر

## امام رضا علیہ السلام نے فرمایا

اُس شخص کی زندگی سب سے بہتر ہے کہ
جسکے ساتھ دوسروں کی زندگی بہتر گزرے

اور

اُس شخص کی زندگی سب سے بدتر ہے کہ
جسکی زندگی سے دوسروں کی زندگی اجیرن ہو

(بحارالانوار، جلد ۷۸)


MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

## حجاب اور مَردوں کی ذمّہ داری

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

# عفاف و حجاب

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا

**جو شوہر اپنی بیوی کے سلسلے میں غافل ہو اور اسکے پردے اور عفّتِ نفس کے بارے میں خیال نہ رکھے تو ایسا شوہر دیّوث (بے غیرت) ہے۔۔**

رسولؐ فرماتے ہیں کہ جو شوہر اپنی بیوی کی اطاعت کرے گا خدا اُسے منہ کے بل جہنّم میں ڈال دے گا۔

حضورؐ سے پوچھا گیا کہ اس اطاعت سے کیا مراد ہے؟ تو آپؐ نے فرمایا: حمّاموں (بیوٹی پارلر)، شادیوں، غم کی محفلوں میں باریک لباس پہن کر جانے کی خواہش کو مان لے (فروع کافی جلد ۵)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

## زیادہ مہر رکھنا ، آخرت میں
## حورالعین جیسی نعمت سے محرومی کا سبب بن سکتا ہے

امام موسیٰ کاظمؑ نے فرمایا

کوئی مومن اپنے مومن بھائی سے اُس کی لڑکی مانگتا ہے اور 500 درہم مہر کے طور پر دینا چاہتا ہے لیکن وہ شخص پیغام قبول کرنے کے بجائے مہر کی مقدار کے کم ہونے کی شکایت کرتا ہے اور اِس پیغام کو مسترد کر دیتا ہے تو دراصل وہ اپنے مومن بھائی پر بڑا ظلم کرتا ہے اور اِس صورت میں وہ اِس بات کا مستحق ہوگا کہ آخرت میں اللہ تعالیٰ اُسے حورالعین جیسی نعمت سے محروم کر دے گا۔۔

(بحارالانوار جلد ۱۰۳ ص ۳۴۸)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

امام جعفرِ صادق علیہ السلام نے فرمایا

تم میں سے بہترین عورت وہ ہے کہ
جب اُس کا شوہر کوئی چیز خرید کر لائے تو اُس کا شکریہ ادا کرے
اور اگر نہ لائے تو راضی رہے۔

(بحار الانوار۔ جلد 103۔ صفحہ 239)

حضرت لقمان علیہ السلام نے فرمایا

عقلمند آدمی کو چاہیئے کہ گھر والوں کے درمیان
ایک بچے کی مانند رہے اور اپنی مردانگی کا مظاہرہ
گھر کے باہر کرے۔

(مجمع البیان۔ جلد 2۔ صفحہ 54)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

## نگاہِ حرام اور روزِ آخرت کا عذاب




حضرت رسولِ خدا ﷺ نے فرمایا

جو مرد بھی نامحرم عورت کو (لذّت کے ارادے سے)

دیکھے گا تو بروزِ قیامت اس مرد کی آنکھوں کو آتشِ دوزخ

کی سرخ سلاخوں سے داغا جائے گا۔

پھر حکمِ خدا سے اس مرد کو

آتشِ دوزخ میں پھینک دیا جائے گا۔۔ (جامع الاخبار)

رسول ﷺ فرماتے ہیں! جو شوہر دار عورت اپنے شوہر کے علاوہ کسی اور مرد کو نظر بھر کر لذّت سے دیکھے تو خدائے رحمان اُس پر شدید غضبناک ہوتا ہے۔۔ (بحار جلد ۱۰۴)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا

جو عورت بھی اپنے شوہر کے گھر میں **خدمت کی نیّت** سے چیزوں کو قرینے سے رکھے گی تو اللہ تعالیٰ اُس پر رحمت کی نظر ڈالے گا اور جو بھی اللہ کا منظورِ نظر بن گیا اُسے عذابِ خدا سے امان مل گئی۔۔

(وسائل الشیعہ ۔ باب ٦٧)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

## بیویوں پر ہاتھ اُٹھانے کی مذمّت

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

جو مرد اپنی بیوی کے منہ پر تھپڑ مارے گا
اللہ تعالیٰ دوزخ کے مالک فرشتہ کو حکم دے گا کہ
دوزخ میں اس کے منہ پر 70 تھپڑ مارے
اور جو مرد کسی عورت کے بالوں کو ہاتھ لگائے
(یعنی اذیّت پہنچانے کی خاطر بال نوچے)
دوزخ میں اسکے ہاتھوں میں
آتشی کیلیں ٹھونکی جائیں گی



(مستدرک الوسائل۔ جلد2۔ ص550)

(خاندان کا اخلاق۔ ابراہیم امینی۔ ص212)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی




حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا

جو عورت اپنے شوہر کی ایک کڑوی بات برداشت کرے اللہ تعالیٰ اُس کے ایک کلمہ کو برداشت کرنے پر عورت کو روزہ دار اور راہِ خدا کے مجاہد کا ثواب عطا کرے گا۔۔

(وسائل الشیعہ، ج14، ص156)

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

## محرموں کے بارے میں غیرت

چند اسیروں کو پیغمبر اکرم ﷺ کی خدمت میں لایا گیا،

آنحضرت ﷺ نے ایک شخص کے علاوہ سب کو قتل کرنے کا حکم سنایا

اُس شخص نے تعجب سے سوال کرتے ہوئے عرض کیا: آپ ﷺ نے مجھے قتل کیوں نہ کروایا۔؟

پیغمبر اکرم ﷺ نے فرمایا: جبرائیل علیہ السلام نے مجھے خبر دی ہے کہ تیرے اندر پانچ صفات ہیں جنہیں خدا دوست رکھتا ہے :

**اپنے محرموں کے بارے میں بہت زیادہ غیرت، سخاوت، اخلاق حسنہ، زبان کی سچائی اور شجاعت**

چنانچہ وہ شخص یہ عجیب واقعہ دیکھ کر مسلمان ہوگیا،

آنحضرت ﷺ کے ساتھ جہاد کیا اور جامِ شہادت نوش کیا۔۔

(وسائل الشیعہ جلد۲ ص۱۵۵ حدیث۲۵۲۹۱
بحارالانوار جلد۶۸ ص۳۷۴ باب۹۲ حدیث۲۵)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

# شوہر پر احسان جتانا

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

جو عورت زیادہ مالدار ہونے کی وجہ سے

## شوہر پر احسان جتلائے

اور کہے: تم تو میرے مال سے کھا رہے ہو!

ایسی عورت اگر اپنا سارا مال راہِ خدا میں انفاق کردے

تو بھی اللہ اُس سے قبول نہیں کرے گا یہاں کہ وہ

اپنے شوہر کو راضی کرے۔۔

(مکارم الأخلاق 1:441)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

امام جعفرِ صادق علیہ السلام نے فرمایا

شوہر کے لئے اپنے اور بیوی کے معاملات میں تین چیزوں کا خیال رکھنا ضروری ہے ہم آہنگی تاکہ اس کے ذریعے بیوی کی محبت اور دلی جھکاؤ کو حاصل کر سکے،

1. اُس کے ساتھ حُسنِ اخلاق سے پیش آنا

2. اپنے دلی میلان کا اِس طرح استعمال کرنا جو اُسے اچھا لگے

3. اُس پر کھلے دل سے خرچ کرنا۔۔

(بحار الانوار ۷۸: ۲۳۷، تحف العقول: ۲۳۸)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

## اھل و عیال پر خرچ کرنے کا عظیم ثواب

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

ما من عبد یکسب ثم ینفق علی عیاله الا أعطاه الله بکل درهم ینفقه علی عیاله سبعمائة ضعف

نہیں ہے کوئی مشقت برداشت کرکے اپنے اہل و عیال پر خرچ کرنے والا مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ ایک ایک درہم یا روپے کے بدلے میں اُسے سات سو گنا زیادہ عطا کرتا ہے۔۔



(مکارم الأخلاق، علامہ طبرسیؒ، ص217)

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

## بیوی کی مدد کرنے کا ثواب

حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے امام علیؑ سے فرمایا

اے ابوالحسنؑ مجھ سے سنو کہ میں وہی کہتا ہوں
جس کا مجھے میرے ربّ نے حکم دیا ہے اور یہ کہ جو
مرد بھی گھر میں اپنی عورت کی مدد کرتا ہے، اللہ اُس کو اُس کے بدن کے
ایک ایک بال (کی تعداد کے برابر) ایک سال کی نماز و روزہ کا ثواب عطا کرتا ہے
اور اُسے صابروں، داوٗدؑ و ابراہیمؑ و عیسیٰؑ
جیسا ثواب عطا کرتا ہے۔۔

شرح رسالۃ الحقوق
صفحہ316
قدرت اللہ مشایخی

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

امام جعفرِ صادق علیہ السلام نے فرمایا

شوہر کے لئے اپنے اور بیوی کے معاملات میں تین چیزوں کا خیال رکھنا ضروری ہے

1. ہم آہنگی تاکہ اس کے ذریعے بیوی کی محبت اور دلی جھکاؤ کو حاصل کرسکے

2. اُس کے ساتھ حسن اخلاق سے پیش آنا اور اپنے دلی میلان کا اِس طرح استعمال کرنا جو اُسے اچھا لگے

3. اُس پر کھلے دل سے خرچ کرنا

(بحارالانوار ۷۸: ۲۳۷، تحف العقول: ۲۳۸)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا

جو عورت بھی اپنے شوہر کے گھر میں خدمت کی نیّت سے چیزوں کو قرینے سے رکھے گی تو اللہ تعالیٰ اُس پر رحمت کی نظر ڈالے گا اور جو بھی اللہ کا منظورِ نظر بن گیا اُسے عذابِ خداوندی سے امان مل گئی۔۔

(وسائل الشیعہ ۔باب ٦٧)

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا

ایک شائستہ عورت ہزار ناشائستہ مردوں سے بہتر ہے جو عورت بھی شوہر کی بھلائی کے لئے سات دن کام کرتی ہے اللہ تعالیٰ اس پر جہنّم کے سات دروازے بند کر دیتا ہے اور جنّت کے آٹھ دروازے اُس پر کھول دیتا ہے کہ وہ جس دروازے سے بھی چاہے جنّت میں داخل ہو جائے۔۔ (وسائل الشیعہ ۔باب ٨٩)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

## مرد کا جہاد کیا۔؟ / عورت کا جہاد کیا۔؟

امام جعفرِ صادق علیہ السلام نے فرمایا

اللہ تعالیٰ نے عورت و مرد دونوں پر جہاد واجب کیا ہے۔
مرد کا جہاد یہ ہے کہ وہ اپنی جان و مال اللہ کی راہ میں قربان کردے اور
عورت کا جہاد یہ ہے کہ شوہر کی آزادی و غیرت مندی کے ساتھ موافقت کرے۔

(یعنی اگر شوہر ناموس کی حفاظت کی خاطر
بے جا اور ناجائز آمدورفت سے روکے تو
اُس کی مخالفت نہ کرے۔۔)

(وسائل الشیعہ
ابواب المقدمات النکاح)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S)

## خاندان والوں کی خدمت

امام جعفرِ صادق علیہ السلام نے فرمایا

آدمی کو اپنے خاندان کے بارے میں اپنے اوپر 3 چیزیں لازم کر لینی چاہئیں خواہ وہ اُس کی خواہش کے خلاف ہی کیوں نہ ہوں:

1. اہل وعیال کے ساتھ حسنِ سلوک
2. اُن کے کھانے پینے میں کشادگی بغیر اسراف کے
3. ناموس کے بارے میں غیرت (بحارالانوار جلد ۷۸)

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا

خاندان والوں کی خدمت نہیں کرتا مگر صدیق یا شہید یا پھر وہ شخص جس کے لئے اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت کی بھلائی چاہتا ہو۔۔

(بحارالانوار جلد ۱۰۴)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

مدرسۃ القائم

## گھر کے کام کا اَجر و ثواب

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا

جو عورت سات دن اپنے شوہر کی خدمت کرے تو اللہ تعالیٰ
اُس کیلئے دوزخ کے ساتوں دروازے بند کر دے گا
اور جنّت کے آٹھوں دروازے کھول دے گا،
جس سے چاہے داخل ہو جائے۔۔

(ارشاد القلوب۔ دیلمیؒ)

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

## دقیانوسیت نہیں بلکہ اخلاقِ انبیاءؑ

سفینۃ البحار میں حضرت موسیٰؑ کی تعریف میں بیان کیا گیا ہے کہ آپ اتنے غیرت مند تھے کہ اپنے دوستوں کے ہاں بھی زیادہ آمدورفت نہیں کیا کرتے تھے تاکہ کوئی اِن کی زوجہ کو نہ دیکھ سکے۔۔

رسولؐ اللہ فرماتے ہیں کہ میرے جدّ بزرگوار ابراہیمؑ غیرت مند تھے اور میں اُن سے زیادہ غیرت مند ہوں۔

اللہ تعالیٰ مومنین میں سے اُسکی ناک رگڑ دیتا ہے (یعنی ذلیل کردیتا ہے) جو غیرت نہیں کرتا۔۔

(وسائل الشیعہ، جلد ۱۴)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

## امام جعفر صادقؑ ارشاد فرماتے ہیں

میں اپنے غلام (نوکر) پر اور اپنے گھر والوں (کی حرکتوں)
پر اِس قدر صبر (برداشت) کرتا ہوں جیسے کڑوے پھل کا کھانا
جو بھی صبر کرتا ہے وہ اِس صبر (برداشت) کی وجہ سے
نمازی ، روزہ دار اور اُس شہید کا مرتبہ حاصل کرلیتا ہے
جو رسولؐ خدا کی ہمراہی میں جنگ کرے ۔۔

(وسائل الشیعہ جلد 11)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

ذلیل ترین انسان وہ ہے جو لوگوں کی توہین کرتا ہے۔۔

(بحارالانوار جلد ۷۸ ص ۱۹۲)

امام جعفرِ صادق علیہ السلام نے فرمایا

خدا کی قسم نیک لوگ کامیاب ہو گئے
کیا تم جانتے ہو کہ وہ کون ہیں۔؟
وہی جو چیونٹی تک کو اذّیت نہیں دیتے

(بحارالانوار جلد ۷۵ ص ۲۴۷)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

امیر المومنین امام علی علیہ السلام نے فرمایا

گھریلو اختلافات سے پیدا ہونے والی پریشانیاں انسان کو بہت جلد بڑھاپے میں مبتلا کر دیتی ہیں۔۔

(تحف العقول)

امام جعفرِ صادق علیہ السلام نے فرمایا

جس کا اپنے اہل و عیال کے ساتھ

رہن سہن کا طریقہ عمدہ ہوگا،

خداوندِ عالم اس کی عمر کو طولانی بنا دیگا۔۔

(بحارالانوار جلد ۱۰۳)

www.facebook.com/madrasatulqaaim


+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

(کتاب: نہج الفصاحہ
مؤلف: ابوالقاسم پائندہ)

عورتوں کے بارے میں کم لباس سے مدد حاصل کرو
کیونکہ! جب اُن کے کپڑے زیادہ اور اچھے ہوں گے
تو وہ گھر سے باہر نکلنے کے لئے بیتاب رہے گی۔۔



حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

سب سے زیادہ بابرکت
وہ خواتین ہیں
جن کے
اخراجات کم ہیں

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوذرؑ سے فرمایا

جب کوئی شخص خود صالح ہوجاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسکے نیک ہوجانے کے وسیلے سے اسکی اولاد اور اولاد کی اولاد کو بھی نیک بنا دیتا ہے۔۔

(مکارم اخلاق۔ص ۵۶۴)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی




امام حسین علیہ السلام نے فرمایا

اگر کسی شخص کی رگ کاٹ لی جائے تو اس کا گناہ کم ہے
اس سے کہ کسی بیوی اور شوہر میں جدائی ڈال دی جائے۔۔

(کتاب: پیارا گھر... آیت اللہ حسین مظاہری)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

## جو شخص میاں بیوی کے درمیان جدائی کا سبب بنے
## اُس پر دنیا و آخرت میں خدا کا غضب اور لعنت ہے۔۔

(جواہر العلوم جلد 29 ص 13)



www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی




حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

## جس نے میاں بیوی کے درمیان جدائی پیدا کی

اُس پر دنیا و آخرت میں اللہ تعالیٰ کا غضب ولعنت ہے۔ اللہ پر حق ہے کہ وہ

اِسے ایک ہزار آگ کے پتھر مارے۔

اور جس نے اِن دونوں کے درمیان فساد کیلئے قدم بڑھایا لیکن جدائی نہیں ڈالی

وہ دنیا و آخرت میں غضب ولعنت میں ہوگا۔۔ (عقاب الاعمال، شیخ صدوقؒ)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

## خدا کی لعنت ہو اُس شخص پر
## جو ماں اور اولاد میں جدائی ڈالتا ہے
## اور بہن بھائیوں میں تفرقہ پیدا کرتا ہے




حوالہ کتاب
**نہج الفصاحہ**
(تالیف: ابوالقاسم پاینده)

حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی


تربیت اسلامی
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا
جان لو کہ تمہاری اولاد تم سے ہے،
دنیا و آخرت میں اُنکی نیکی و بدی تم تک پہنچ سکتی ہے
تم سے پوچھا جائے گا کہ تم نے
اُن کی تعلیم و تربیت کیلئے کیا اہتمام کیا۔؟
(رسالۃ الحقوق الامام علیؑ بن الحسینؑ)
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

## گھر کو جنّت بنانے کیلئے شوہر کے عمل کیلئے مُجرّب نسخہ

## یہ بات طے کرلیں کہ بیوی، ماں اور بہنوں کی ایک دوسرے کے خلاف بات نہیں سُنیں گے

بیوی سے سنی ہوئی بات سے والدہ یا چھوٹے بھائی بہنوں کو کچھ نہ کہیے اور والدہ اور بہنوں کی شکایت سن کر بلا تحقیق بیوی کو کچھ نہ کہیے۔

خدارا بیوی سے سنی ہوئی باتوں کی وجہ سے اپنی والدہ کو کبھی کچھ نہ کہیے گا والدہ کی آہ نکلنے سے دنیا وآخرت دونوں برباد ہونے کا اندیشہ ہے۔ والدہ کی واقعی غلطی سامنے آبھی جائے تو پیار ومحبت سے سمجھانے کی کوشش کریں یا بڑی بہن کے ذریعے والدہ کو سمجھائیں۔ بیوی کے ذریعے والدہ کو تحفے دلوائیں۔

حدیث میں بھی ہے کہ تَهَادُوْ تَحَابُوْ (ہدیہ لیا دیا کرو اس سے آپس میں محبت بڑھے گی)۔

آپ کے سامنے بیوی کی کتنی بڑی غلطی بھی بیان کی جائے یا والدہ، بہنیں یا بھابیاں آپ کی شکایت لگائیں تو اُس وقت قصداً کوئی عملی قدم نہ

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

اٹھائیں اُس وقت بیوی کو کچھ نہ کہیں، کم از کم اتنا صبر کر لیں کہ جس میں دو نمازوں کا وقت گذر جائے یعنی اگر کوئی بات ظہرین کے وقت سننے میں آتی ہے تو مغربین کے بعد سمجھائیں اور اگر مغرب کے وقت سننے میں آتی ہے تو فجر کے بعد سمجھائیں۔

اس تدبیر پر عمل کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ آپ کے گھر میں بہت زیادہ نمایاں تبدیلی رونما ہوگی۔ آپ کی بات کی قدر بھی ہوگی اور آپ کی بردباری اور عقلمندی کا سکہ جمے گا اور بیوی آپ کی بات پر عمل بھی کرے گی۔

اگر سمجھانا بھی ہو تو کوشش کریں کہ براہ راست نہ سمجھائیں ہرگز فوراً جا کر بیوی سے یہ نہ کہیں کہ تم نے یہ کیوں کہا؟ بہن یہ کہہ رہی تھیں۔ تمہیں ایسا نہیں کہنا چاہئے تھا؟ وغیرہ وغیرہ۔ بلکہ یاد رکھیئے کہ رسولؐ اسلام کے سمجھانے کی عادت یہ تھی کہ جب کوئی عیب کسی شخص میں دیکھتے تو اس کا نام نہ لیتے بلکہ یوں فرماتے کہ (مابال النّاس) ''لوگوں کو کیا ہوا ہے کہ وہ ایسا کرتے ہیں۔''

تو ہمیں بھی سیرت رسولؐ پر عمل کرتے ہوئے عمومی بات کہنا چاہئے مثلاً کہیں، دیکھو بہت سی عورتوں کو یہ بُری عادت ہوتی ہے کہ وہ اِدھر کی بات اُدھر لگاتی ہیں یہ بہت نامناسب بات ہے مجھے ایسا کرنے والیوں سے بہت چڑ ہوتی ہے لہٰذا تم اس سے ذرا بچنا۔

ارے بھئی کوئی اپنے گھر کی بات دوسروں کو بتاتا ہے۔ یہ تو حد درجہ حماقت ہے تم کبھی ایسا نہ کرنا ۔۔۔ بلکہ مجھے تو تم پر پورا اعتماد ہے کہ تم تو کبھی

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

ایسا نہ کرتی ہوگی ۔۔۔ وغیرہ وغیرہ۔

ایک اہم بات اور یہ ہے کہ کبھی دوسروں کے سامنے بیوی، ماں یا بہنوں کو نہ سمجھائیں نہ دوسروں کے سامنے اُن کی توہین کریں۔ اور اکیلے سمجھاتے ہوئے بھی اُس کو دوسری عورتوں کی مثالیں دے کر نہ سمجھائیں۔ کہ دیکھو فلاں بھابی ۔۔۔ سب سے مل جُل کر رہتی ہے، میری بہن کو دیکھا بچوں کی کیسی اچھی تربیت کر رہی ہے اور تم ؟ ۔۔۔

۔۔۔ اس طرح کہنے سے اصلاح نہیں ہوا کرتی۔ اصلاح کے لئے محبت، اپنائیت، نصیحت، برداشت اور ہمدردی اور نرم کلامی ہونی چاہیے، تلخ کلامی اور سخت بیانی سے وقت اصلاح اتنا ہی دور ہونا چاہیے جتنا مشرق و مغرب میں فاصلہ ہے۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائمؑ
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

شادی

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

گھر کو جنّت بنانے کیلئے
بیوی کے عمل کیلئے مُجرّب نسخہ

# شوہر پر مسلسل احسانات کریں

یہ شوہروں کو غلام بنانے کا شرعی نسخہ ہے۔

کہتے ہیں کہ نیکی اور بھلائی کرنے والا تو اپنی نیکی بھول جاتا ہے لیکن جس سے نیکی کی جاتی ہے وہ نہیں بھولا کرتا حدیث میں ہے کہ ''الانسان عبد الاحسان'' انسان اپنے اوپر احسان کرنے والے کا غلام بن جاتا ہے۔ وہ آپ کا قیدی، غلام اور خادم بن جاتا ہے۔ نیک بیوی کی نیکی بُھلائی نہیں جاسکتی۔ نیک بیوی اپنے آپ کو نیکی پر یہ سوچ کر اُبھار سکتی ہے کہ:

''میں جس دن دنیا سے چلی گئی، میری نیکی شوہر کو یاد آئے گی اور شوہر میرے لئے دعا کریں گے، مجھے اچھائی کے ساتھ یاد کریں گے، میری خدمت اُن کو رات کے اندھیروں اور دن کے اجالوں میں میرے لئے دعاؤں پر مجبور کرے گی اور شاید یہی میری مغفرت کا اور خدا کے راضی ہونے کا سبب ہوجائے۔''

حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ جتنا رشک مجھے حضرت خدیجہؑ پر ہوا اتنا رسولؐ اللہ کی کسی بیوی پر نہ ہوا حالانکہ میں نے انہیں دیکھا بھی نہ تھا۔ اتنے

/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

رشک کی وجہ یہ تھی کہ رسولؐ کریم اکثر ان کا ذکر کیا کرتے تھے اور آپ کا دستور یہ تھا کہ جب آپ کوئی بکری ذبح فرماتے تو حضرت خدیجہؓ کی سہیلیوں کو ان کا گوشت بطور ہدیہ بھیجا کرتے تھے۔

ایک دن آپؐ نے ان کا تذکرہ کیا تو میں نے عرض کیا اُن۔۔۔کا تذکرہ آپؐ کیوں اتنا زیادہ کرتے ہیں؟ اللہ نے اُن سے بہتر آپ کو دے دیا ہے۔

تو آپؐ نے فرمایا:

''اللہ کی قسم! اُس کے بعد اللہ نے جو مجھے دیا ہے وہ اُس سے بہتر نہیں ہے وہ اُس وقت ایمان لائیں جب لوگ ابھی کافر تھے، انہوں نے اُس وقت میری تصدیق کی جب اوروں نے مجھے جھٹلا دیا، اُس وقت اپنا مال مجھ پر نچھاور کیا جب لوگوں نے مجھے محروم کر رکھا تھا۔ اللہ نے مجھے اُن سے اولاد دی کسی اور سے نہیں دی۔''

(ہر کہ خدمت کرد او مخدوم شد)

جس نے خدمت کی وہ سردار بنا۔

(فکونی له اَمَۃُ یکن لک عبداً)

تو اُس کی کنیز بن جا تو وہ تیرا تابعدار غلام بن کر رہے گا۔

پس اگر بیوی یہ چاہتی ہے کہ میرا شوہر میرے کہنے میں رہے میرا غلام بن جائے تو یاد رکھے کہ اس کو شوہر پر احسان کرنا ہوگا۔ اس کی خطاؤں کو درگزر کرنا ہوگا غلام بنانا غلام بننے سے ہوتا ہے پہلے عملاً باندی بن جائے وہ خود بخود غلام بن جائے گا۔ محبت، محبت کو کھینچتی ہے، اطاعت، اطاعت کو کھینچتی ہے۔ سرکشی، بدزبانی، بدکلامی، نفرت اور جھگڑوں کو کھینچ کرلاتی ہے۔

www.facebook.com/

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

## گھر کو جنّت بنانے کیلئے
## ساس، سُسر کے عمل کیلئے مُجرّب نسخہ

## ساس، سُسر سورۂ بقرہ پڑھ کر اپنے گھر والوں پر دَم کریں

کیونکہ رسولؐ اسلام نے فرمایا ہے:

"قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں محمدؐ کی جان ہے، شیطان اُس گھر میں ٹھہر نہیں سکتا جس میں سورۂ بقرہ کی تلاوت کی جائے۔"

اس لئے کہ گھروں میں جھگڑوں سے بچنے کے لئے شیطان مردود سے بچنے کی بہت زیادہ فکر کی جائے اور جن چیزوں سے گھروں میں شیاطین آتے ہیں اُن سے بچا جائے اور جن اعمال سے شیاطین سے حفاظت ہوتی ہے، ان اعمال کا اہتمام کیا جائے جس میں سے ایک عمل گھر میں سورۂ بقرہ کا ختم ہے۔

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

## بچے پر ماں کی غذا کے اثرات

- ماؤں کو چاہیے کہ دورانِ حمل کے آخری مہینوں میں **کھجور** کھائیں تاکہ اُن کے بچے **خوش اخلاق** اور **بردبار** ہوں۔ (رسولؐ اللہ۔ مستدرک جلد۳)



---

- حاملہ عورتوں کو تاکید کرو کہ **بہی دانہ** کھائیں تاکہ اُن کے بچے **خوش اخلاق** ہوں۔ (رسولؐ اللہ۔ مستدرک جلد۳)



---



- جو حاملہ عورت **خربوزہ** کھائے گی اُس کا بچہ **خوبصورت** اور **خوش اخلاق** ہوگا۔ (رسولؐ اللہ۔ مستدرک جلد۲)

---



- **با اخلاق** اور **خوب سیرت** بچہ پیدا کرنے کیلئے عورت کو **ناشپاتی** کھلائیں۔ (رسولؐ اللہ۔ بحارالانوار جلد۶۳)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S)
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

## ہر وقت شوہر و بیوی میں اختلاف اور جھگڑا ہی ہوتا رہتا ہے

**پہلا حل** روایت میں ہے کہ اگر شوہر و بیوی کے درمیان الفت و محبت بڑھانی ہو (اور اُن کے درمیان اختلافات و جھگڑے ختم کرنے ہوں) تو اِسمِ مبارکہ "اَلْوَدُوْدُ" کو 1001 بار کسی میٹھی چیز پر پڑھ کر دونوں کو کھانے کو دیا جائے تو انشاءاللہ ضرور باہمی اُلفت و محبت پیدا ہو جائے گی اور اختلافات اور روز روز کے جھگڑے ختم ہو جائیں گے۔

---

**دوسرا حل** اگر دو افراد کے درمیان صلح کرانے جانے سے پہلے سورۂ مبارکہ طٰہٰ کی تلاوت کی جائے تو بہت مجرّب ہے۔ اور وہ جھگڑا ختم ہو جائے گا۔

**تیسرا حل** اگر کوئی یہ چاہے کہ کسی دو افراد کے درمیان صلح کروا دے تو وہ سورۂ مبارکہ مَعَارِجُ کو 80 بار پڑھے۔

---

**چوتھا حل** حضرت امام صادقؑ سے منقول ہے کہ اگر سورۂ مبارکہ نِسَآءُ کو شوہر و بیوی کے درمیان موافقت حاصل کرنے کے لئے پڑھا جائے تو مقصود حاصل ہو جائے گا۔

---

**پانچواں حل** حضرت امام جعفرِ صادقؑ سے مروی ہے کہ سورۂ مبارکہ جمعہ کو شوہر و بیوی کے درمیان اتّفاق کے لئے 5 بار پڑھنا چاہیئے۔

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

## کنوارہ شادی شدہ ہو جائے گا

رسولِ خداؐ نے حضرت علیؑ کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا:

"اے علیؑ۔! سورۂ یٰسٓ کی تلاوت کیا کرو

اِس میں 10 برکتیں ہیں۔۔

(اُس میں سے ایک یہ ہے کہ)

کنوارہ شادی شدہ ہو جائے گا"۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
madrasatulqaaim@hotmail.com
www.youtube.com/zeezaidi

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

## بہنوں اور بیٹیوں کے اچھے رشتے

سورۃ الاحزاب

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

جو شخص سورۂ احزاب کو ہرن کی کھال پر لکھ کر تنگ منہ والی بوتل میں رکھ کر گھر میں رکھے تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے اُس کی بہنوں، بیٹیوں اور دوسرے رشتہ داروں کی شادی کیلئے اچھے رشتے آئیں گے خواہ یہ انسان غریب ہی کیوں نہ ہو۔۔

تفسیر مجمع البیان۔ علامہ طبرسیؒ۔ جلد 4۔ ص 334

تفسیر نمونہ۔ آیت اللہ ناصر مکارم شیرازی۔ جلد 17۔ ص 183

تفسیر برہان۔ ہاشم بحرانیؒ۔ جلد 6۔ ص 216

مجربات امامیہ ص 21

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

## لڑکی یا لڑکے کی شادی کے لئے آیت اللہ سیستانی کی تجویز کردہ نمازِ استغاثہ حضرت فاطمہ زہرا علیہا السلام

سوال: جس لڑکی (یا لڑکے) کی شادی نہ ہو رہی ہو اس کیلئے کسی دعا کی طرف رہنمائی فرما دیں۔؟

جواب: نمازِ استغاثہ حضرت زہراؑ پڑھی جائے اور اس کا طریقہ جیسا کہ مفاتیح الجنان میں ہے کہ

دو رکعت نماز پڑھی جائے، نماز کے بعد تین مرتبہ تکبیر کہے
تسبیح حضرت زہراؑ پڑھے اور اس کے بعد سجدے میں جائے اور سو مرتبہ کہے
یَا مَوْلَاتِی فَاطِمَةُ أَغِیثِینِی اس کے بعد دایاں رخسار سجدہ گاہ پر رکھے اور دوبارہ
سو مرتبہ کہے یَا مَوْلَاتِی فَاطِمَةُ أَغِیثِینِی اس کے بعد سجدہ کرے اور سو مرتبہ کہے
یَا مَوْلَاتِی فَاطِمَةُ أَغِیثِینِی اس کے بعد بایاں رخسار سجدہ گاہ پر رکھے، سو مرتبہ کہے
یَا مَوْلَاتِی فَاطِمَةُ أَغِیثِینِی اسکے بعد سر سجدے میں رکھے اور ایک سو دس مرتبہ
یَا مَوْلَاتِی فَاطِمَةُ أَغِیثِینِی کہے
اور اپنی حاجت طلب کرے۔۔






MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim
https://www.sistani.org/urdu/qa/01800

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی





MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

## مرد کی شادی میں رکاوٹ دور کرنے کے لئے
## آیت اللہ سیستانی کی تجویز کردہ ایک نماز و دعا

سوال: مرد کی شادی ہونے کیلئے کوئی دعا تجویز فرما دیں۔؟

جواب: دو رکعت نماز پڑھے اور پھر یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّيْ اُرِيْدُ اَنْ اَتَزَوَّجَ فَقَدِّرْ لِيْ مِنَ النِّسَآءِ اَعْفِھُنَّ فَرْجًا وَ احْفَظِھُنَّ لِيْ فِيْ نَفْسِھَا وَ اَوْسِعْھُنَّ لِيْ رِزْقًا وَاَعْظَمِھُنَّ لِيْ بَرَكَةً

ترجمہ: پروردگارا میں نے شادی کا ارادہ کیا ہے، مجھے صورت و سیرت کے اعتبار سے بہترین زوجہ نصیب فرما جو میرے مال اور اپنی عفّت کی بہتر حفاظت کرے اور ہمارے رزق اور برکت میں اضافہ فرما۔۔

نوٹ: یہ دعا حضرت امام جعفر صادقؑ نے ابو بصیرؒ کو تعلیم فرمائی تھی۔ (مکارم الأخلاق،ص:205،الکافي،ج3،ص:482،بحار الانوار،ج100،ص268)

https://www.sistani.org/urdu/qa/01800 +923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

## جلد شادی کیلئے آیت اللہ سیستانی کی تجویز کردہ مجرّب نماز



دو رکعت فجر کی طرح
نماز پڑھے اس کے بعد تسبیح زہرا پڑھے
اور بہتر ہے سَر کو سجدے میں رکھے اور چودہ مرتبہ
درود پڑھے اور اس کے بعد 100 مرتبہ کہے :
اَللّٰهُمَّ خِرْلِیْ وَاخْتَرْلِیْ۔ ترجمہ : اے اللہ میرے لیے آپ
پسند فرما دیجیے کہ مجھے کون سا راستہ اختیار کرنا چاہیے اور
اس کے بعد دوبارہ چودہ بار درود پڑھے ۔ اس نماز کو
اور اس کے بعد کی دعاؤں کو مختلف دنوں
میں انجام دیا جائے تا کہ اللہ اس کی
شادی کے مسئلے کو حل کرے



MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim https://www.sistani.org/urdu/qa/01800

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

## جلد شادی کیلئے مجرّب ترین عمل



آیت اللہ سیّد صادق روحانی فرماتے ہیں کہ

40 روز تک نمازِ جعفرِ طیارؑ ، نمازِ امیر المومنینؑ پڑھنے کے بعد زیارتِ عاشورا پڑھی جائے

اور اِن 40 دنوں میں ہر شبِ جمعہ درمیانِ شب 14000 بار 'یاعلیؑ' اِس طرح پڑھیں کہ

کوئی دوسرا اُس جگہ پر موجود نہ ہو۔ اور سات موسوی (کاظمی) سادات کو کچھ رقم ہدیہ کے طور پر دیں

(اگر وہ نہ مل سکیں تو سات دیگر سادات کرام کو بھی ہدیہ دیا جاسکتا ہے)

اِن تمام اعمال کو انجام دینے کے بعد سارا ثواب روحِ حضرت زینبؑ کو ہدیہ کردیں۔۔

آیت اللہ صادق روحانی فرماتے ہیں کہ بہت جلد شادی کیلئے یہ عمل تجربہ شدہ ہے اور

بہت تیز رفتاری سے مدّعا حاصل ہوجاتا ہے۔۔ (نمازِ جعفرِ طیارؑ، نمازِ امیر المومنینؑ کا طریقہ نیچے کمنٹس میں ملاحظہ کیجئے)

ce : http://www.rohani.ir/page-1105.htm

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

## نمازِ امیرالمومنین علی علیہ السلام ابنِ ابی طالب علیہ السلام

جوشادی کرنے کا ارادہ کرے وہ دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد سورۃ یٰس پڑھے اور اس کے بعد خدا کی حمد وثناء بجالائے اور پھر اس دعا کو پڑھے:

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِی زَوْجَۃً صَالِحَۃً وَدُوداً وَلُوداً شَکُوراً قَنُوعاً غَیُوراً إِنْ أَحْسَنْتُ شَکَرَتْ وَإِنْ أَسَأْتُ غَفَرَتْ وَإِنْ ذَکَرْتُ اللّٰہَ تَعَالَی أَعَانَتْ وَإِنْ نَسِیتُ ذَکَّرَتْ وَإِنْ خَرَجْتُ مِنْ عِنْدِھَا حَفِظَتْ وَإِنْ دَخَلْتُ عَلَیْھَا سَرَّتْ وَإِنْ أَمَرْتُھَا أَطَاعَتْنِی وَإِنْ أَقْسَمْتُ عَلَیْھَا أَبَرَّتْ قَسَمِی وَإِنْ غَضِبْتُ عَلَیْھَا أَرْضَتْنِی یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِکْرَامِ ھَبْ لِی ذٰلِکَ فَإِنَّمَا أَسْأَلُکَ وَلَا أَجِدُ إِلَّا مَا قَسَمْتَ لِی

امیرالمومنین امام علیؑ فرماتے ہیں کہ اگر اس دعا اور نماز کو پڑھے تو شادی کے سلسلے میں اسکی دعا پوری ہو جائے گی۔

(نوادر راوندی-ترجمہ صادقی اردستانی ص 282-نماز و دعا برائے ازدواج)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim


شادی
حضرت امام جعفرِ صادق علیہ السلام سے جب ایک شخص نے کہا کہ میں اُس گانے
اور موسیقی والے گھر میں موجود تھا تو امامؑ نے فرمایا:
کسی ایسے گھر میں نہ جاؤ جس میں رہنے والوں
پر سے خدا نے اپنی توجہ سلب کر لی ہو۔
(اصولِ کافی جلد ۶ حدیث ۱۸)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

تربیت اسلامی

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

## اولاد کے حوالے سے امیرالمومنین امام علی علیہ السلام ابنِ ابی طالب علیہ السلام کی اہم ترین دعا

میں نے اللہ سے خوبصورت اور خوش قامت بچے طلب نہیں کیے،
بلکہ میں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ مجھے ایسے فرزند عطا فرما جو
اللہ کے اطاعت گزار اور اُس سے خوف کھانے والے ہوں
تاکہ میں جب انہیں اطاعتِ الٰہی میں مشغول دیکھوں تو
میری آنکھوں کو ٹھنڈک ملے۔۔

(بحارالانوار جلد ۱۰۱ ص ۹۸)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی

# خلع

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

جو بھی عورت اپنے شوہر سے (ناحق) خلع لے تو

اللہ تعالیٰ، اُس کے ملائکہ، اُس کے رسول ﷺ اور تمام انسانوں کی لعنت

اُس پر جاری رہے گی۔ یہاں تک کہ جب ملک الموت اُس پر نازل ہوگا تو کہے گا:

تمہیں جہنم کی بشارت ہو اور جب قیامت کا دن آئے گا تو اس سے کہا جائے گا:

جہنم میں داخل ہونے والوں کے ساتھ جہنم میں داخل ہو جاؤ۔

آگاہ ہو جاؤ کہ یقیناً اللہ و رسول ناحق خلع لینے والیوں سے بَری و بیزار ہیں۔۔

(عقاب الاعمال
شیخ صدوقؒ)

اور آگاہ ہو جاؤ کہ اللہ اور اُس کا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اُس شخص سے بھی بیزار ہیں جو عورت کو

اتنا ضرر پہنچائے کہ وہ خلع لینے پر مجبور ہو جائے۔۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی


خدا کی ناپسندیدہ چیز طلاق
حضرت امام حسین علیہ السلام نے فرمایا
اگر کسی شخص کی رگ کاٹ دی جائے
تو اُس کا گناہ کم ہے اِس سے کہ
کسی بیوی اور شوہر کے درمیان
جدائی ڈال دی جائے۔۔
(کتاب: ہمارا گھر۔ آیت اللہ حسین مظاہری)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی



MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
امام جعفرِ صادق علیہ السلام نے فرمایا
خداوندِ عالم اُس گھر کو دوست رکھتا ہے جہاں شادی انجام پائے
اور اُس گھر کو ناپسند کرتا ہے جہاں طلاق دی جائے
خدا کے نزدیک سب زیادہ قابلِ نفرت اور ناپسندیدہ چیز طلاق ہے۔۔
(وسائل الشیعہ۔ شیخ حرِ عاملی)
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی




## طلاق دینے سے عرشِ الٰہی لرز جاتا ہے۔۔


www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# شادی


MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
بہترین شادی
حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:
بہترین شادی وہ ہے جو سادگی اور آسانی سے انجام پائے۔۔
(نہج الفصاحہ)
www.facebook.com/madrasatulqaaim